## سوال

سیّدزیادہ افضل ہیں۔۔۔

## جواب

کیا سید لوگ باقی لوگوں سے افضل ہیں؟ السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ کیا سیّد قوم باقی سب لوگوں سے زیادہ افضل ہے؟ اور کیا کسی سید کا نکاح عام لوگوں سے ہو سکتا ہے؟ کیونکہ بعض لوگ اور کچھ مکاتب فکر کے علماء کہتے ہیں کہ سید باقی سب قوموں سے زیادہ افضل ہیں اور کوئی سید کسی غیر سید سے نکاح نہیں کر سکتا۔ ہم نے تو آج تک یہی سنا ہے کہ فضیلت کا معیار تقوی ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اللہ تعالی نے تمام انسانوں کو برابر پیدا کیا ہے، اور کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں دی ہے۔ اگر فضیلت ہے تو وہ صرف اور صرف تقوی کی بنیاد ہے جو جتنا زیادہ متقی اور پرہیزگار ہوگا وہ اتنا ہی زیادہ اللہ کے قریب ہوا اور افضل ہوگا۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (الحجرات: 13) "تم میں سے اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔" اور نکاح میں معیار بھی دینداری ہے۔ اگر کوئی شخص آپ کو نیک اور دیندار نظر آتا ہے تو اس سے نکاح ہو سکتا ہے خواہ سید ہو یا غیر سید ہو۔ ہاں البتہ ایک بات ضرور یاد رکھیں کہ آج کل شیعہ حضرات نے اپنے آپ کو نام نہاد سید بنا رکھا ہے۔ حالانکہ ان کے پاس کوئی نسب نامہ بھی نہیں ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ کسی سنی کے نکاح کے حوالے سے اہل علم منع کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ نکاح نہ کیا جائے۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (7134)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/7134/199/هذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث